TO BE SUBSTITUTED BY NO. & DATE EVEN.

انٹرمیڈیٹ وثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

نوٹیفیکیشن

جملہ متعلقین کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ راولپنڈی بورڈ کے زیر اہتمام امتحان میٹرک (نہم پارٹ ون اور دہم پارٹ ٹو/کمپوزٹ) سالانہ 2021ء مورخہ 06 مارچ 2021ء سے شروع ہوں گے۔ جس کیلئے بورڈ ہذا میں آن لائن داخلہ فارم مع امتحانی فیس مع ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

شیڈول برائے وصولی داخلہ فارم مع فیس

نمبر شمار	شیڈول	ریگولر/پرائیویٹ امیدواران
01	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	16-11-2020 تا 10-12-2020
02	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	11-12-2020 تا 21-12-2020
03	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	22-12-2020 تا 29-12-2020
04	تین گنا فیس اور مبلغ-/200 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ آخری تاریخ	30-12-2020 تا 24-02-2021

فیس کی شرح

ریگولر امیدواران کیلئے

گروپ	پارٹ I (نہم)	پارٹ II (دہم)	کمپوزٹ
آرٹس	Rs.650/-	Rs.650-	Rs.1300/-
سائنس/آرٹس مع عملی امتحان	Rs.700/-	Rs.700/-	Rs.1400/-
درس نظامی	Rs.700/-	Rs.700/-	Rs.1400/-
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	--	--	--
میٹرک سرٹیفکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ)	--	Rs.600/-	Rs.600/-
داخلہ فارم پروسیسنگ فیس	Rs.530/-	Rs.530/-	Rs.530/-

پرائیویٹ امیدواران کیلئے

پارٹ I (نہم)	پارٹ II (دہم)	کمپوزٹ
Rs.700/-	Rs. 700/-	Rs. 1400/-
Rs. 750/-	Rs. 750/-	Rs. 1500/-
Rs. 700/-	Rs. 700/-	Rs. 1400/-
Rs.1000/-	--	Rs-1000/-
--	Rs.600/-	Rs.600/-
Rs.530/-	Rs.530/-	Rs.530/-

ہدایات برائے سربراہان تعلیمی ادارہ جات/پرائیویٹ امیدوران

۱۔ پہلی مرتبہ امتحان میں شرکت کرنے والے تمام امیدوران داخلہ فیس کے علاوہ مبلغ-/1000 روپے رجسٹریشن فیس بھی جمع کروائیں گے۔

۲۔ سند/سرٹیفکیٹ پروسیسنگ فیس مبلغ-/600 روپے تمام ریگولر/پرائیویٹ پارٹ-II اور کمپوزٹ امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران کو بھی جمع کروانی ہوگی۔

۳۔ ایڈیشنل مضامین اور مارکس ایمپروومنٹ کرنے والے امیدواران داخلہ فیس مع پروسیسنگ فیس کے ساتھ سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/600 روپے بھی جمع کروائیں گے۔

۴۔ نئے الحاق شدہ ادارہ جات کو رجسٹریشن برانچ کی طرف سے جاری کردہ مراسلہ/ادارہ کوڈ جاری ہونے کے 10 ایام کے اندر اندر اپنے داخلہ فارم سنگل فیس کے ساتھ جمع کروانے کی رعایت ہوگی بصورت دیگر اس وقت کے بعد جو بھی فیس کا شیڈول چل رہا ہوگا اُس کے مطابق فیس وصول کی جائیگی۔

۵۔ ریگولر ادارے (سرکاری/الحاق شدہ) اپنے امیدواران کے ہر لحاظ سے مکمل داخلہ فارم آن لائن (کم از کم 80 گرام A-4 سائز کاغذ پر) پرنٹ کرنے کے بعد ہارڈ کاپی مع فیس چالان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، راولپنڈی میں نہم/دہم کی متعلقہ برانچوں میں شیڈول کے مطابق جمع کروائیں گے۔

۶۔ پرائیویٹ امیدوار داخلہ آن لائن کرنے کے بعد بنک میں مطلوبہ فیس جمع کرانے اور تصدیق شدہ داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی بورڈ کے سہولت سینٹر واقع بورڈ کیمپس مورگاہ، راولپنڈی میں دستی یا بذریعہ رجسٹرڈ بھجوائے گا۔ کسی بھی دشواری کی صورت میں امیدوار اپنے مکمل دستاویزات کے ساتھ بورڈ آفس سے رابطہ کرے۔

۷۔ پرائیویٹ سائنس گروپ نہم/دہم اور پریکٹیکل مضامین کے امیدواران کے داخلہ فارم عدالت عالیہ کے فیصلے کے مطابق ڈیل ہوں گے۔

۸۔ وہ امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔

۹۔ پرائیویٹ امیدواران داخلہ فارم بورڈ کی ویب سائٹ سے بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں مزید معلومات کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔

۱۰۔ ریگولر/پرائیویٹ داخلہ فارم Online کرنے کیلئے بورڈ ہذا کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk وزٹ کریں۔

۱۱۔ سرکاری اداروں کے نہم جماعت کے امیدواران پروسیسنگ فیس مبلغ-/530 روپے جمع کروائیں گے۔ جبکہ دہم جماعت کے امیدوران پروسیسنگ فیس مبلغ-/530 روپے اور سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ-/600 روپے بھی جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

Sd/-
سیکرٹری

نمبر: M.S./545/2020 مورخہ: 17-11-2020

کاپی برائے اطلاع:-

1. چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) اٹک، چکوال، جہلم، راولپنڈی۔ 2. راولپنڈی بورڈ کی حدود میں واقع مظہور شدہ پبلک و پرائیویٹ سیکنڈری سکولوں کے سربراہان کے نام۔
3. منیجر حبیب بینک لمٹڈ آبپاشی روڈ راولپنڈی (بورڈ سے متعلقہ برانچوں کے لئے) 20 کاپیاں۔ 4. پی آر او بورڈ ہذا (برائے اشاعت اطلاعات برائے ویب سائٹ)
5. تمام افسران بورڈ ہذا/داخلی تقسیم۔

اسسٹنٹ سیکرٹری (مینٹنگ)
برائے سیکرٹری

Bise/Notification for SSC Notification 2021